

# پاکستان کے قدرتی مناظر سیاحوں کیلئے باعث کشش ہیں

## ممتاز صنعتکار جناب فہد انجم رفیق (مینجنگ ڈائریکٹر رائل فین)

کا خصوصی پیغام

رب العزت نے اہل پاکستان کو انتہائی خوبصورت خطہ سرزمین نوازا ہے جہاں ایڈونچر سے بھر پور ٹورازم، قدرتی حسن وخوبصورتی کے مناظر سے مزین مقامات کے علاوہ مذہبی وتاریخی مقامات کثیر تعداد میں موجود ہیں جبکہ سرزمین پاکستان کے قدرتی مناظر میں ساحل سمندر سے لے کر آسمان کو چھوتی برف پوش پہاڑی چوٹیاں، خوبصورت آبشاریں چشمے وجھرنے، سرسبز گھنے جنگلات سے بھرے پہاڑ اور وادیاں، خوابوں سے بھری رومان خیز جھیلیں اور وسیع وعریض دنیا کے مشہور صحرا شامل ہیں مزید برآں یہاں اولیاء کرام کے مزارات، ہندوؤں کے تاریخی مندر، سکھوں کے قدیم مذہبی مقامات اور بدھ مت کی تاریخی نشانیاں ٹیکسلا اور گندھارا کی قدیم تہذیبوں کی علامتیں بھی موجود ہیں ان کے علاوہ صدیوں پرانی تہذیب کے آثار قدیمہ، ثقافت اور صوفی ازم بھی سیاحوں کی خصوصی دلچسپی کا مرکز ہے ملک کے دلکش قدرتی مناظر کے بیشتر علاقے صوبہ کے پی کے اور شمالی علاقہ جات میں واقع ہے ان میں وادی سوات کے علاوہ رومان پرور وادی کاغان، گلیات، وادی کیلاش، وادئ ہنزہ اور شنگریلا وغیرہ شامل ہیں۔

(جناب فہد انجم رفیق جناب انجم رفیق کے صاحبزادے ہیں اور خداداد صلاحیتوں سے مالا مال ہیں اور صنعتی معاملات اوراس کے انتظامی امور کو احسن طریقہ سے سرانجام دینے میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں


